قارئین

افکار و اخبار

جرمن مستشرق خاتون اور تصوّف | جرمن سکالر خاتون ڈاکٹر مسز شمّل غالباً ۱۵ سال سے بھی زیادہ عرصہ سے حکومت پاکستان ان کو اقبال ڈے پر بلواتی ہے۔ اور مکالمے پڑھتی ہیں کل رات (۱۴ نومبر) کو ٹی وی پر ان کا انٹرویو اسلامی تصوّف پر نشر کیا گیا اور کہا گیا کہ مسز شمل نے اس سال اسلامک اسٹڈی میں پی۔ ایچ۔ ڈی کی ہے۔ اور خاصکر مثنوی مولانا رومؒ پر خاص سٹڈی کی ہے۔ یہ انٹرویو ایک گھنٹہ کا تھا۔ معلوم نہیں کہ انٹرویو میں تصوّف کی صحیح ترجمانی کی گئی یا غیر مسلم مستشرقین نے طرح تصوّف کی سچائی سے پہلوتہی کرکے اسے غلط انداز میں پیش کیا گیا اسلامیات اور تصوّف پر دسترس رکھنے والے حضرات اس انٹرویو کا ترجمہ حاصل کرکے اس کا تنقیدی جائزہ لیں تو بہتر ہوگا۔

(عصمت آراء، رحمان بابا روڈ، پشاور)

ذکری مذہب کا تعاقب | الحق تعاقب مذہب ذکری کردہ ایں یک احسانِ عظیم بر اہل سنّت والجماعۃ بلوچ است کہ قبلاً اطلاع بہ مذہب ذکری نداشت واگر ہم چناں تعاقب مذہب بہائیت جاری بود احسانِ بزرگ تر بر اہالی ایران خواہد

(احمد اللہ تصرتی، سراوان، ایران)

معلمین اسلامیات اور قرآء سے ناانصافی | صرف سرحد میں سکولوں میں اسلامیات اور قراء کا تعین کیا گیا ہے۔ مگر یہ حکومت کی ناانصافی کے شکار ہیں۔ ابتداءً انہیں ایس، وی، او، ٹی کا سکیل دیا گیا۔ پھر اس ایس، وی، او، ٹی کو آٹھواں گریڈ دیا گیا مگر معلمین اسلامیات اور قراء کو یکسر فراموش کر دیا گیا جبکہ یہ لوگ اپنے فن کے ماہر ہوتے ہیں انہیں اگر اہم مضامین کے ٹیچر کا گریڈ نہیں دیا جاتا تو آٹھویں گریڈ سے بھی مستثنیٰ قرار دینا اسلام اور علومِ دینیہ کی سراسر ناقدر شناسی ہے۔

(عبدالرشید قریشی داتہ ضلع ہزارہ)

برطانیہ میں نیا ربوہ | قادیانیوں نے برطانیہ کے ہڈرسفیلڈ میں دو لاکھ روپیہ سے جگہ خرید لی ہے ایک بڑا پریس لگانے کا ارادہ ہے اور مبلغ تیار کرنا ہے۔ انگریزی اخبار ڈیلی ایگزیمنر ہڈرسفیلڈ میں قادیانی امّت کا سارا پروگرام شائع ہوا ہے، لندن میں مقیم ظفر اللہ خان مسلمانوں کے خلاف ہر حربہ استعمال کرتا ہے۔ بظاہر قادیانی